الجامعة البنورية العالمية — دار الإفتاء والقضاء

متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

email: darulifta@gmail.com | web: www.onlinefatawa.com | ph: +92 21 32570077 | fax: +92 21 32564586

Name : **Muhammad Waseem** Serial No : **32014** MODE: **Regular**

Address : **Rwlp** Date : **11/13/2017**

Subject : **Talaq** Contact No:

Writer : محمد رشید رضا Email :

AOA mufti sb main nay ghusay main bv say kaha k ainda k lye tmri kamaie aur tm muj par haraam ho lekin meri niyat talaaq denay ki nei thi. Plz batain kia hmra rishta baqi ha

سوال: میں نے غصہ میں بیوی سے کہا کہ آئندہ کیلئے تمہاری کمائی اور تم مجھ پر حرام ہو، لیکن میری نیت طلاق دینے کی نہیں تھی. کیا ہمارا رشتہ باقی ہے؟

الجواب حامدًا ومصلیا

سائل کے اس جملے سے "تمہاری کمائی اور تم مجھ پر حرام ہو" سے بلا نیت بھی اس کی بیوی پر ایک طلاق بائن واقع ہوچکی ہے لہذا سائل کی بیوی عدت کے بعد دوسری جگہ نکاح کرنا چاہے تو کرسکتی ہے تاہم دونوں دوبارہ باہم میاں بیوی کی طرح زندگی گزارنا چاہیں تو گواہوں کی موجودگی میں نئے حق مہر کے تقرر کے ساتھ تجدید نکاح کرنا لازم ہے مگر اس تجدید نکاح کے بعد سائل کو آئندہ ۲ دو طلاقوں کا اختیار رہے گا اگر کبھی وہ ۲ دو طلاقیں بھی دیدیں تو اس کی بیوی حرمت مغلظہ کے ساتھ حرام ہوجائے گی اس لیئے سائل کو آئندہ طلاق سے متعلق خوب احتیاط کی ضرورت ہے۔

فی ردّ المحتار: والحاصل أن المتأخرين خالفوا المتقدمين فی وقوع البائن بالحرام بلا نية حتی لا يصدق اذا قال لم أنو لأجل العرف الحادث فی زمان المتأخرين ويتوقف الآن وقوع البائن به علی وجود العرف كما فی زمانهم اھ (ج ۳ ص ۲۹۹)۔

وفی البحر الرائق: (قوله حرام) من حرم الشیئ بالضم (الی قوله) أنه لو قال لها أنت عليّ حرام والحرام عنده طلاق وقع وان لم ينو وذكر الإمام ظهير الدين لانقول لا تشترط النية ولكن نجعله ناويًا عرفا (ج ۳ ص ۳۰۰)۔

وفی الفتاوی التاتارخانية: فی قوله "أنت عليّ حرام" ولم ينو العدد فهی واحدة وإن لم ينو الطلاق فهو

(جاری ہے..)

يمين نوى اليمين أو لم ينو (إلى قوله) والفتوى على أنّه
يقع الطلاق البائن وإن لم ينوه (ج ٣ ص ٣٠٤) والله أعلم.

محمّد رشيد رضا
دار الإفتاء الجامعة البنورية العالمية سائٹ كراچي
١٣ ربيع الأوّل ١٤٣٩ هـ

الجواب صحيح
[illegible]
دار الإفتاء جامعة بنورية كراچي
١٥/٣/١٤٣٩ هـ

نائب رئيس
دار الإفتاء جامعة بنورية العالمية

الجواب صحيح
[illegible]
دار الإفتاء جامعة بنورية
١٥ ربيع الأول ١٤٣٩

رئيس
دار الإفتاء جامعة بنورية العالمية

دار الإفتاء
٣٢٠١٢
١٤٣٩/٣/١٦
الجامعة البنورية العالمية سائٹ كراچي

5/12/17